والدین اور دیکھ بھال کرنے والے افراد کے لئے معلومات

کیا آپ کسی ایسے بچے کی دیکھ بھال کر رہے ہیں جو آپکا اپنا بچہ نہیں ہے؟

کیا آپ کسی ایسے فرد کو جانتے ہیں جو کسی دوسرے کے بچے کی دیکھ بھال کر رہا ہے۔

پرائیویٹ فوسٹرنگ

Bury Safeguarding Children Board

اگرمزید معلومات چاہتے ہیں تو رابطہ کریں:

پرائیویٹ فوسٹرنگ کے متعلق مزید جاننے یا کسی دوسرے فرد کو بتانے کے لئے کہ آپ کے خیال میں آپ کسی بچے کی نجی طور پر دیکھ بھال کر رہے ہیں آپ ایڈوائس اینڈ اسسمنٹ ٹیم سے رابطہ کر سکتے ہیں:

ٹیلی فون نمبر: 0161 253 5454

ای میل:

AdviceandAssessment@bury.gov.uk

یا اِس پتے پر تشریف لائیں:

Children Services, Athenaeum House, Market Street,

Bury, Lancs. BL9 0BN

مزید معلومات کے لئے ویب سائٹ دیکھیں:

Bury Council-Private Fostering

یا

www.privatefostering.org.uk پر جائیں

یہ چند باتیں ہیں جو نوعمر افراد نے پرائیویٹ فوسٹرنگ (نجی دیکھ بھال) کے متعلق کہی ہیں:

"نجی دیکھ بھال کے زیر انتظام بچوں اور بالغ افراد کو بعض اوقات مشورے اور مدد کی ضرورت ہوتی ہے"

"بچوں اور نوعمر افراد کی دیکھ بھال کرنے والے بالغ افراد کو بینیفٹس مل سکتے ہیں جن کے وہ مستحق ہیں"

"نجی دیکھ بھال کے زیر انتظام بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے بالغ افراد کے لئے مفت ٹریننگ دستیاب ہے"۔

اگر آپ نے اِس سوال کا جواب ''ہاں'' میں دیا ہے تو آپ پرائیویٹ فوسٹرنگ (نجی دیکھ بھال) کے زیرِ انتظام ہو سکتے ہیں۔

پرائیویٹ فوسٹرنگ (نجی دیکھ بھال) کیا ہے ؟

پرائیویٹ فوسٹرنگ اُس کو کہا جاتا ہے اگر 16 سال سے کم عمر (یا اگر معذور ہیں تو 18 سال سے کم عمر) بچوں اور نوعمر افراد کے لئے دیکھ بھال کا انتظام کیا گیا ہے۔ اگر والدین (والد / والدہ) یا دیکھ بھال کے ذمہ دار فرد نے کسی قریبی رشتہ دار کی بجائے کسی دوسرے بالغ فرد کے پاس بچے کے قیام کا انتظام کیا ہے۔

قریبی رشتہ دار دادا دادی / نانا نانی، بھائی، بہن، انکل، آنٹی (آیا حقیقی رشتہ یا سوتیلا رشتہ شادی یا سول پارٹنرشپ کے ذریعے) یا سوتیلے والدین۔ یہ پرائیویٹ فوسٹرنگ ہے اگر اس کا مطلب ہے کہ آپ کسی بچے کی کم از کم 28 دنوں کے لئے دیکھ بھال کرنا چاہتے ہیں یا پہلے ہی کسی بچے کی 28 دنوں سے زیادہ عرصے سے دیکھ بھال کر رہے ہیں۔ بطور بالغ فرد اگر آپ کسی دوسرے کے بچے کی پرائیویٹ فوسٹرنگ کے زیر انتظام دیکھ بھال کر رہے ہیں تو آپکو لازمی طور پر بری کونسل کو بتانا چاہئے۔

یہاں ایسے نوعمر افراد کی مثالیں دی گئی ہیں کہ جن کے متعلق ہوسکتا ہے کہ اُن کی نجی طور پر دیکھ بھال کی جاتی ہو:

- کسی بیرونی ملک سے کوئی بچہ جسکو اس ملک میں تعلیم یا صحت کی دیکھ بھال (ہیلتھ کیئر) کے لئے کسی خاندان کے ساتھ رہنے کے لئے بھیجا گیا ہے۔
- کوئی ٹین ایجر جو کسی دوست کے خاندان کے ساتھ رہ رہا ہے / رہی ہے کیونکہ اُن کا اپنے خاندان کے ساتھ کوئی اچھا تعلق برقرار نہیں ہے۔
- ٹین ایجر جو اپنے بوائے فرینڈ / گرل فرینڈ کے خاندان کے ساتھ رہ رہا ہے / رہی ہے۔
- کوئی بچہ دوستوں کے پاس رہ رہا ہے کیونکہ اُن کے اپنے والدین میں سے کوئی ایک یا دونوں ہسپتال میں ہیں اور گھر پر دیکھ بھال کرنے کے لئے کوئی موجود نہیں ہے۔
- کوئی بچہ کسی دوسرے خاندان کے ساتھ رہ رہا ہے کیونکہ اُن کے والدین ایک دوسرے سے علیحدہ ہوگئے ہیں یا طلاق ہوگئی ہے۔
- بچے جن کے والدین کو طویل مدت کے لئے ہسپتال میں داخل ہونا پڑے گا اور بچے اپنے دوستوں کے ساتھ رہیں گے۔

چلڈرن اینڈ ینگ پیپلز سروسز کیا کریں گی؟

قانون کا کہنا ہے کہ بری کونسل کو اِس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ بچہ جسکی آپ دیکھ بھال کر رہے ہیں اُن کی اچھی طرح دیکھ بھال کی جائے جہاں کہیں وہ رہ رہے ہیں اور وہ سوشل ورکر سے کہیں گے کہ آپ سے ملاقات کریں گے تاکہ دیکھا جاسکے کہ آپ ٹھیک ٹھاک ہیں۔

وہ آپ سے اور جسکی آپ دیکھ بھال کر رہے ہیں سے بات کریں گے تاکہ دیکھا جاسکے کہ آپ میں سے کسی کو مدد و معاونت کی ضرورت تو نہیں ہے۔ وہ والدین سے بھی رابطہ کریں گے تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ اُن کو علم ہو کہ ہر بات ٹھیک ٹھاک ہے۔

بری کونسل کو اِس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ نجی طور پر زیرِ دیکھ بھال بچوں کی مناسب طور پر دیکھ بھال ہو۔